سوال

(588)چار آدمی مسجد کے پاس بیٹھ کرتاش کھیلتے تھے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چار آدمی مسجد کے پاس بیٹھ کرتاش کھیلتے تھے۔ ایک پرہیز کار متقی نے انہیں منع کیا۔ کہ یہاں مت کھیلوانہوں نے جواب دیا۔ تومسجد نہیں جاؤاس میں تمہارا کام نہیں مسجد کے متولی نے بھی کھلاڑیوں کی تایئدکی۔ درانحالیکہ وہ جگہ متصل مسجد ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ متولی ازوارث وقف کنندہ مرحوم متولی ہے کیا یہ سب کھلاڑی اور متولی صاحب مجرم ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

تاش جواوغیرہ ہرجگہ منع ہے۔ مسجد کے پاس ہویادورکھیلنے والوں کی تایئد کرنا بھی گناہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص554

محدث فتویٰ